20150 ـ ملازمت والی جگہ میں نماز گاہ میں مسلسل کئی ایك جماعتیں کرانے کا حکم

سوال

میں سعودی عرب میں پٹرول کے کنویں پر ملازمت کرتا ہوں، وہاں ہمارے لیے نماز کے لیے چھوٹی سی جگہ مقرر ہے جہاں نماز ادا کرتے ہیں، مشکل یہ ہے کہ: ہم ایك جماعت میں نماز ادا نہیں کر سکتے، بلکہ مختلف اوقات میں کئی ایك جماعتیں کروانا پڑتی ہیں، جہاں صرف (ظہر، اور عصر) کی نماز ادا کی جاتی ہے، اور ہمارا کوئی امام بھی مقرر نہیں، اور نہ ہی نماز باجماعت کے لیے کوئی وقت مقرر ہے، ہم نے کئی بار ایك جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کی کوشش کی ہے، لیکن ہم کامیاب نہیں ہو سکے، اور پھر کئی جماعتوں میں نماز ادا کرنا شروع کر دیا ہے. تو کیا اس طریقہ سے ہمارا نماز ادا کرنا جائز ہے؟ یہ ملحوظ خاطر رہے کہ نماز کے دوران ہم سب کام چھوڑ سکتے ہیں کیونکہ ہمارا کام آفس میں ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مسلمان شخص کو اللہ تعالی کے واجبات کی ادائیگی کی کوشش کرنی چاہیے، اور نماز باجماعت کی ادائیگی بھی واجب ہے، اور اگر کسی ضرورت کی بنا پر ایك جماعت کرانا میسر نہ ہو تو کام والی جگہ پر نماز کے وقت میں کئی ایك جماعت کروا کے نماز ادا کی جا سکتی ہے.

آپ کو کسی مستقل امام کی کوشش کرنی چاہیے، اور شرعی طور پر مقررہ اوقات میں نماز کی ادائیگی کرنے کی کوشش کریں، اور اگر ایسا نہ ہو سکے تو مسلمان شخص کو اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرتے ہوئے حسب استطاعت اور قدرت اس کی ادائیگی کرنا ہو گی، اس کے بعد کہ اللہ تعالی کسی بھی جان کو اس کی استطاعت اور وسعت سے زیادہ مکلف نہیں کرتا.

واللہ اعلم .